سوال

عشاء کی نماز میں تاخیر

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عشاء کی نماز کو آخر وقت تک مؤخر کر کے ادا کرنے بارے میں کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز عشاء کے بارے میں افضل یہ ہے کہ اسے آخر وقت تک مؤخر کر کے ادا کیا جائے لیکن مرد اگر اسے مؤخر کر کے ادا گا تو اس کی جماعت فوت ہو جائے گی لہذا یہ جائز نہیں کہ وہ نماز کو مؤخر کرے اور اس کی جماعت فوت ہو جائے ہاں البتہ عورتیں گھروں میں جس قدر نماز عشاء تاخیر سے پڑھیں ان کے لئے افضل ہے لیکن آدھی رات سے زیادہ مؤخر نہ کریں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص402

محدث فتویٰ